امام صادق علیہ السلام آنلائن مدرسہ

بسم الله الرحمن الرحيم

درس:١٦

## حروف لھاتیہ اور شَجْرِیہ

ImamSadiq.tv

- حروف لهاتيه : حرف ک اور ق
  - عربی میں حلق کے کوّے کو لھاۃ کہتے ہیں۔
  - ان حروف کو لھاتیہ اس لئے کہتے ہیں کیونکہ ان کو ادا کرنے میں لھاۃ یعنی حلق کے کوّے کی مدد لی جاتی ہے۔
- حروف شَجْرِيه : ج – ش – ي
  - زبان اور تالو کے درمیانی حصہ کی فضا کو عربی میں شَجر کہتے ہیں۔
  - کیونکہ یہ حروف زبان اور تالو کے درمیانی حصے سے ادا ہوتے ہیں اسی لئے انکو شجریہ نام دیا گیا ہے۔
- وسط لسان سے ادا ہونے والے حروف: ج – ش – ي
  - مثال: اَجْ – اُجْ – اِجْ

    اَشْ – اُشْ – اِشْ

    اَیْ – اُیْ – اِیْ
- حرف[ض]کا تلفظ:
  - حرف ضاد کا تلفظ زبان کے بائیں کنارے کو اوپر کے بائیں ڈاڑھوں سے ملا کر کیا جاتا ہے۔
  - زبان کے دائیں حصہ سے بھی تلفظ کر سکتے ہیں اور دونوں طرف سے بھی تلفظ کر سکتے ہیں۔
  - لیکن اگر دال کے تلفظ کو موٹا اور آواز بھر کے انجام دیں تو بھی کافی ہے۔
  - مثال:اَضْعَفُ – مُضْعِفُونَ – وَضعَها – مَغْضُوبِ – وَلَا الضَّالِّينَ